Task - 13

# سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ۧ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم والا۔ انصاف کے دن کا حاکم۔ (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے رستے چلا۔ اُن لوگوں کے رستے جن پر تُو اپنا فضل و کرم کرتا رہا۔ نہ کہ اُن کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ قرآن کی پہلی سورت ہے۔ اس سورت کی تلاوت ہر نماز میں کی جاتی ہے۔ اس لیے اس کو سُوْرَةُ الصَّلٰوةِ بھی کہتے ہیں۔ اس سورت میں دُعا مانگنے کا طریقہ بھی سکھایا گیا ہے اس لیے اس کو سُوْرَةُ الْمُنَاجَاتِ بھی کہا جاتا ہے۔ اس سورت کا ایک نام 'سبع مثانی' ہے یعنی وہ سات آیات جو بار بار پڑھی جاتی ہیں۔ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کا ایک نام سُوْرَةُ الشِّفَآءِ بھی ہے۔اس کو پڑھ کر دم کرنے سے مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ اس سورت میں بندہ اللہ تعالیٰ کی تعریف اور شکر ادا کرتا ہے۔ اس سے ہدایت پر استقامت کی دُعا مانگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے صِرَاطِ مُسْتَقِيْمٌ یعنی سیدھے راستے پر چلنے کی دُعا مانگی جاتی ہے۔

۱ (الف) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملایئے۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | ہمیں سیدھے راستے پر چلا |
| اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ | بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا |
| اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ | تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے |
| الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے مدد مانتے ہیں۔ |

۲ جملے پڑھ کر سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کے مزید نام بتایئے۔ اوپر سے تلاش کر کے معنی بتایئے۔

۱۔ اس کی تلاوت ہر نماز میں کی جاتی ہے۔ سورۃ الصلوۃ
۲۔ اس میں دُعا مانگنے کا طریقہ سکھایا گیا ہے۔ سورۃ المناجات
۳۔ مریض کو پڑھ کر دم کرنے سے شفا ملتی ہے۔ سورۃ الشفاء

| الرَّحْمٰنُ | نَعْبُدُ | الرَّحِيْمِ | الصِّرَاطَ |
|---|---|---|---|
| مہربان | عبادت | رحم والا | رستہ |

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ ترجمہ کے ساتھ یاد کر کے اپنے گھر والوں کو سنایئے۔